## سوال

(40) منبر کی لکڑی کو استعمال کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماسٹر صدیق صاحب کالاباغ ضلع ایبٹ آباد سے دریافت کرتے ہیں کہ کسی مسجد کا منبر جو لکڑی کا ہے اگر اس کی ضرورت نہ رہے کیا اس لکڑی کو مسجد ہی کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مسجد کا منبر اگر بے کار ہو جائے، مثلاً پہلا لکڑی کا تھا اب وہاں پختہ اینٹوں سے منبر بنا لیا گیا ہے تو لکڑی کے منبر کو کسی دوسری مسجد میں رکھ دیا جائے جہاں اس کی ضرورت ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاوی اصحاب الحدیث

**جلد:1 صفحہ:80**